روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 6/اپریل 2009ء 9 ربیع الثانی 1430 ہجری 6 شہادت 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 74

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

فرقان کے بھی یہی معنے ہیں۔یعنی یہی ایک کتاب حق و باطل میں فرق کرنے والی ٹھہرے گی اور کوئی حدیث کی یا اور کوئی کتاب اس حیثیت اور پایہ کی نہ ہوگی۔اس لئے اب سب کتابیں چھوڑ دو اور رات دن کتاب اللہ ہی کو پڑھو۔بڑا بے ایمان ہے وہ شخص جو قرآن کریم کی طرف التفات نہ کرے اور دوسری کتابوں پر ہی رات دن جھکا رہے۔ہماری جماعت کو چاہئے کہ قرآن کریم کے شغل اور تدبر میں جان و دل سے مصروف ہو جائیں ....اس وقت قرآن کریم کا حربہ ہاتھ میں لو تو تمہاری فتح ہے۔اس نور کے آگے کوئی ظلمت ٹھہر نہ سکے گی۔

(ملفوظات جلد اول ص 386)

ایک شخص نے عرض کی کہ حضور میرے واسطے دعا کی جاوے کہ میری زبان قرآن شریف اچھی طرح ادا کرنے لگے۔قرآن شریف ادا کرنے کے قابل نہیں اور چلتی نہیں۔میری زبان کھل جاوے۔فرمایا کہ:-

تم صبر سے قرآن شریف پڑھتے جاؤ۔اللہ تعالیٰ تمہاری زبان کو کھول دے گا۔قرآن شریف میں یہ ایک برکت ہے کہ اس سے انسان کا ذہن صاف ہوتا ہے اور زبان کھل جاتی ہے۔بلکہ اطباء بھی اس بیماری کا اکثر یہ علاج بتایا کرتے ہیں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 105)

قرآن کو بہت پڑھنا چاہئے اور پڑھنے کی توفیق خدا تعالیٰ سے طلب کرنی چاہئے کیونکہ محنت کے سوا انسان کو کچھ نہیں ملتا۔کسان کو دیکھو کہ جب وہ زمین میں ہل چلاتا ہے اور قسم قسم کی محنت اٹھاتا ہے تب پھل حاصل کرتا ہے۔مگر محنت کے لئے زمین کا اچھا ہونا شرط ہے۔اسی طرح انسان کا دل بھی اچھا ہو سامان بھی عمدہ ہو سب کچھ کر بھی سکے۔تب جا کر فائدہ پاوے گا............(النجم:40) دل کا تعلق اللہ تعالیٰ سے مضبوط باندھنا چاہئے۔جب یہ ہو گا تو دل خود خدا سے ڈرتا رہے گا اور جب دل ڈرتا رہتا ہے تو خدا تعالیٰ کو اپنے بندے پر خود رحم آ جاتا ہے اور پھر تمام بلاؤں سے اسے بچاتا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 233)

ایک صاحب نے سوال کیا کہ قرآن شریف کس طرح پڑھا جاوے؟

حضرت اقدس نے فرمایا:-

قرآن شریف تدبر و تفکر و غور سے پڑھنا چاہئے۔حدیث شریف میں آیا ہے رب قارٍ یلعنہ القرآن۔یعنی بہت ایسے قرآن کریم کے قاری ہوتے ہیں جن پر قرآن کریم لعنت بھیجتا ہے۔جو شخص قرآن پڑھتا اور اس پر عمل نہیں کرتا اس پر قرآن مجید لعنت بھیجتا ہے۔تلاوت کرتے وقت جب قرآن کریم کی آیت رحمت پر گزر ہو تو وہاں خدا تعالیٰ سے رحمت طلب کی جاوے اور جہاں کسی قوم کے عذاب کا ذکر ہو تو وہاں خدا تعالیٰ کے عذاب سے خدا تعالیٰ کے آگے پناہ کی درخواست کی جاوے اور تدبر و غور سے پڑھنا چاہئے اور اس پر عمل کیا جاوے۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 157)

مسبّحات کی تلاوت

حضرت عرباض بن ساریہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ سونے سے قبل المسبحات (سورۃ بنی اسرائیل، سورۃ حدید، سورۃ حشر، سورۃ صف، سورۃ جمعہ، سورۂ تغابن اور سورۃ اعلیٰ) کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔آپ فرماتے تھے کہ ان میں ایک ایسی آیت ہے جو ہزار آیات سے بڑھ کر ہے۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب مایقال عندالنوم حدیث نمبر:4398)

امتحان کتاب ’’حقیقۃ الوحی‘‘

(مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

۞ شعبہ تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام امسال مورخہ 21 جون 2009ء کو پاکستان بھر کے خدام کا امتحان روحانی خزائن جلد نمبر 22 میں موجود کتاب ’’حقیقۃ الوحی‘‘ سے لیا جائے گا۔اس امتحان میں کامیاب ہونے والے تمام خدام کو سند کامیابی دی جائے گی۔نمایاں کارکردگی دکھانے والے 100 خدام کو مرکز میں مدعو کر کے دوبارہ امتحان لیا جائے گا۔اور اس امتحان میں پوزیشن حاصل کرنے والے خدام کو درج ذیل انعامات دیئے جائیں گے۔

اول: سند امتیاز + پندرہ ہزار روپے نقد+ سیٹ روحانی خزائن

دوم: سند امتیاز+ دس ہزار روپے نقد+ سیٹ روحانی خزائن

سوم: سند امتیاز+ پانچ ہزار روپے نقد+ سیٹ روحانی خزائن

ان تینوں پوزیشنز کے علاوہ اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والے خدام کو سند امتیاز اور ایک ایک ہزار روپے نقد انعام دیا جائے گا۔نیز اسی طرح نمائندگی اور کارکردگی کے لحاظ سے اول، دوم اور سوم آنے والے علاقہ اور ضلع کو ٹرافی اور شیلڈز دی جائیں گی۔

☆ کتاب حقیقۃ الوحی کی آڈیو CD ماہ مئی 2009ء سے دستیاب ہوگی۔

(مہتمم تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔آمین

☆......☆......☆

نظارت تعلیم کے انعامی سکالرشپس اور گولڈ میڈلز کی تقریب تقسیم انعامات

نظارت تعلیم ہر سال تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے احمدی سٹوڈنٹس کے لئے انعامی سکالرشپس کی تقریب کا اہتمام کرتی ہے۔ مورخہ 29 مارچ 2009ء کو صبح 10 بجے یہ تقریب تقسیم سکالرشپس اور گولڈ میڈلز ایوان ناصر (ہال مجلس انصاراللہ پاکستان) کے بالائی ہال میں منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی تھے۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد مکرم سید طاہر احمد صاحب ناظر تعلیم نے رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے بتایا کہ اس تقریب میں 2008ء میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے یعنی تمام پاکستان میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کو انعامات دیئے جائیں گے۔

چنانچہ میاں محمد صدیق بانی میٹرک سکالرشپ کے تحت میٹرک کے امتحان میں سائنس و آرٹس ہر دو گروپس میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے احمدی سٹوڈنٹس کو مبلغ دس، دس ہزار روپے کے انعامات دیئے گئے۔ اس سکالرشپ کی یہ چھٹی تقریب تھی۔

میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل و سکالرشپ انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں تینوں گروپس (یعنی پری انجینئرنگ، پری میڈیکل اور جنرل گروپ) میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کو ایک طلائی تمغہ (بوزن ایک تولہ سونا) اور مبلغ پچیس ہزار روپے پر مشتمل تین انعامات دیئے گئے۔ اس سکالرشپ کی یہ آٹھویں تقریب تھی۔

صادقہ فضل سکالرشپ انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں پری میڈیکل گروپ اور پری انجینئرنگ گروپ میں دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کو اور جنرل گروپ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کو مبلغ بیس، بیس ہزار روپے کے پانچ انعامات دیئے گئے۔ اس سکالرشپ کی یہ پانچویں تقریب تھی۔

خورشید عطا سکالرشپ کے تحت انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں ہی پری میڈیکل گروپ اور پری انجینئرنگ گروپ میں چوتھی پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کو اور جنرل گروپ میں تیسری اور چوتھی پوزیشن پر آنے والے سٹوڈنٹس کو مبلغ پندرہ، پندرہ ہزار روپے کے چار انعامات دیئے گئے۔ اس سکالرشپ کی یہ چوتھی تقریب تھی۔

سندس باجوہ سکالرشپ کے تحت پری میڈیکل گروپ میں پانچویں اور چھٹی پوزیشن حاصل کرنے والے ان احمدی سٹوڈنٹس کو جنہوں نے ایم بی بی ایس میں داخلہ لیا، ان کو سندس باجوہ سکالرشپ سے 50 ہزار روپے مالیت کے دو سکالرشپ دیئے گئے۔ اس سکالرشپ کی یہ دوسری تقریب تھی۔

امۃ الکریم زیروی سکالرشپ، امسال مکرم کریم اللہ زیروی صاحب آف امریکہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں اپنی والدہ صاحبہ مرحومہ کے نام پر ایک سکالرشپ جاری کرنے کی اجازت کے لئے عرض کیا۔ اس سکالرشپ کے تحت میڈیکل گروپ میں ساتویں اور آٹھویں پوزیشن پر آنے والے ان طلبہ کو یہ سکالرشپ دیا گیا جنہوں نے میڈیکل کالج میں داخلہ لیا تھا۔ ہر سال ایسے دو سٹوڈنٹس کو مبلغ پچاس ہزار روپے کے دو انعامات دیئے جائیں گے۔ اس سکالرشپ کی یہ پہلی تقریب تھی۔

تمام بورڈز کے رزلٹ نکلتے ہی نظارت تعلیم کو زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کے کوائف موصول ہونا شروع ہو گئے۔ ان کوائف کی روشنی میں زیادہ سے زیادہ حاصل کردہ نمبروں کا Update ساتھ ساتھ الفضل میں شائع کروایا جاتا رہا ہے۔

میٹرک کے مقابلہ کیلئے 26 اور انٹرمیڈیٹ کے مقابلہ کے لئے 47 درخواستیں موصول ہوئیں۔

ان کل 18 انعامات میں سے 9 انعامات طالبات جبکہ 9 ہی انعامات طلباء نے وصول کئے۔

یہ انعامات طلباء اور طالبات نے بیک وقت پوزیشن وائز وصول کئے۔ طالبات نے مکرمہ امۃ العلیم عصمت صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ پاکستان سے، جبکہ طلباء نے محترم ناظر صاحب اعلیٰ وامیر مقامی سے اپنے انعامات وصول کئے۔

میاں محمد صدیق بانی میٹرک انعامی سکالرشپ

سائنس گروپ میں پہلی پوزیشن مکرم محمد عادل افضل صاحب ابن مکرم محمد افضل صاحب بیریانوالہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ نے حاصل کی، انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 850/ 817 نمبر حاصل کئے اور میاں محمد صدیق بانی میٹرک سکالرشپ کے حقدار قرار پائے۔ ان کی فیصل آباد بورڈ میں اول پوزیشن ہے۔

جنرل گروپ میں پہلی پوزیشن مکرمہ ثمرہ صغیر صاحبہ بنت چوہدری صغیر احمد صاحب آف کھلیر انوالہ ضلع گجرات نے حاصل کی۔ انہوں نے گوجرانوالہ بورڈ سے 724/850 حاصل کئے اور میاں محمد صدیق بانی میٹرک سکالرشپ کی حقدار قرار پائیں۔

میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل وانعامی سکالرشپ

پری انجینئرنگ میں پہلی پوزیشن مکرم سید شہریار احمد شاہ صاحب ابن مکرم سید نور مبین شاہ صاحب ربوہ نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 992/1100 نمبر حاصل کئے یہ نصرت جہاں انٹر کالج کے طالب علم ہیں۔

پری میڈیکل گروپ میں پہلی پوزیشن مکرمہ حنا کشور بنت مکرم محمد اعجاز صاحب فیصل آباد نے حاصل کی انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 1005/1100 نمبر حاصل کئے۔ ان کی فیصل آباد بورڈ میں دوسری پوزیشن ہے۔ چونکہ یہ خود نہ آسکیں لہٰذا ان کا انعام ان کے والد صاحب مکرم محمد اعجاز صاحب نے وصول کیا۔

جنرل گروپ میں پہلی پوزیشن مکرمہ آمنہ سلیم صاحبہ بنت مکرم ڈاکٹر محمد سلیم صاحب فیصل آباد نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 942/1100 نمبر حاصل کئے۔

صادقہ فضل سکالرشپ

۞ پری انجینئرنگ گروپ میں دوسری پوزیشن مکرمہ عروشہ امتیاز صاحبہ بنت مکرم امتیاز العزیز صاحب لاہور نے حاصل کی۔ انہوں نے لاہور بورڈ سے 956/1100 نمبر حاصل کئے چونکہ یہ خود نہیں آسکیں اس لئے ان کا انعام مکرم ظفر احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ نے وصول کیا۔

پری انجینئرنگ گروپ میں تیسری پوزیشن مکرم فلاح الدین شہریار ابن مکرم جمال الدین نور صاحب ربوہ نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 946/1100 نمبر حاصل کئے۔ یہ نصرت جہاں انٹر کالج کے طالب علم ہیں۔

پری میڈیکل گروپ میں دوسری پوزیشن مکرمہ ماہم منصور رانا صاحبہ بنت مکرم سجاد منصور صاحب فیصل آباد نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 977/1100 نمبر حاصل کئے۔

پری میڈیکل گروپ میں تیسری پوزیشن مکرم ہشام احمد فرحان صاحب ابن مکرم مبشر احمد خالد صاحب مربی سلسلہ ربوہ نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 966/1100 نمبر حاصل کئے۔ یہ نصرت جہاں انٹر کالج کے طالب علم ہیں۔

جنرل گروپ میں دوسری پوزیشن مکرمہ عائشہ صاحبہ بنت مکرم فصیح الدین صاحب آف ملتان نے حاصل کی۔ انہوں نے ملتان بورڈ سے 912/1100 نمبر حاصل کئے ہیں۔

خورشید عطا سکالرشپ

پری انجینئرنگ میں چوتھی پوزیشن مکرم سید معید احمد صاحب ابن مکرم سید ذوالقرنین صاحب لاہور نے حاصل کی۔ انہوں نے لاہور بورڈ سے 945/1100 نمبر حاصل کئے۔

پری میڈیکل گروپ میں چوتھی پوزیشن مکرم رضاء المحسن صاحب ابن مکرم تنویر احمد مہار صاحب ربوہ نے حاصل کی ہے انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 959/1100 نمبر حاصل کئے یہ نصرت جہاں انٹر کالج کے طالب علم ہیں۔

جنرل گروپ میں تیسری پوزیشن مکرم ریاض چوہدری صاحب ابن مکرم سلطان محمود صاحب فیصل آباد نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 911/1100 نمبر حاصل کئے۔

جنرل گروپ میں چوتھی پوزیشن مکرم قاضی رضوان احمد صاحب ابن مکرم قاضی عبدالشکور صاحب لاہور نے حاصل کی۔ انہوں نے لاہور بورڈ سے 896/1100 نمبر حاصل کئے۔

سندس باجوہ سکالرشپ

پری میڈیکل گروپ میں پانچویں پوزیشن مکرمہ سمیعہ مبشر صاحبہ بنت مکرم مبشر الیاس صاحب علی پور ضلع مظفر گڑھ نے حاصل کی۔ انہوں نے ڈیرہ غازی خان بورڈ سے 958/1100 نمبر حاصل کئے یہ قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور کی طالبہ ہیں۔

پری میڈیکل گروپ میں چھٹی پوزیشن عزیزہ مدیحہ احمد صاحبہ بنت مکرم چوہدری داؤد احمد صاحب آف کھاریاں ضلع گجرات نے حاصل کی۔ انہوں نے فیڈرل بورڈ اسلام آباد سے 953/1100 نمبر حاصل کئے۔ یہ علامہ اقبال میڈیکل کالج کی طالبہ ہیں اور سندس باجوہ سکالرشپ کی حقدار قرار پائیں۔

امۃ الکریم زیروی سکالرشپ

پری میڈیکل گروپ میں ساتویں پوزیشن مکرم محمد عثمان صاحب ابن مکرم محمد سعید صاحب آف جھنگ نے حاصل کی ہے۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ سے 946/1100 نمبر حاصل کئے اور یہ پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد کے طالب علم ہیں۔

پری میڈیکل گروپ میں آٹھویں پوزیشن مکرمہ قرۃ العین باجوہ صاحبہ بنت مکرم طاہر محمود باجوہ صاحب ربوہ نے حاصل کی۔ انہوں نے فیصل آباد بورڈ میں 943/1100 نمبر حاصل کئے اور یہ نشتر میڈیکل کالج ملتان کی طالبہ ہیں۔

انعامات کے بعد مہمان خصوصی نے مختصر اختتامی خطاب فرمایا اور دعا کرائی۔ بعدہٗ مہمانان کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

☆......☆......☆

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

حضرت سیدہ بیگم صاحبہ زوجہ حضرت میر ناصر نواب صاحب دہلوی

حضرت سیدہ بیگم صاحبہ وہ خوش قسمت ماں تھیں جن کی بیٹی حضرت مسیح موعود کے عقد میں آئیں۔ حضرت سیدہ بیگم صاحب کے والد میر عبد الکریم صاحب 1857ء سے پہلے ایک انگریزی رسالہ میں رسالدار تھے ایام فسادات میں وہ رخصت پر دہلی ہی میں تھے جب لڑائی ہوئی تو شہر کی یہ حالت ہوگئی کہ جو بھی مسلمان تھا وہ باغی سمجھا گیا اور ہزار ہا بے گناہ مخلوق پھانسی پر چڑھا دی گئی میر عبدالکریم صاحب بھی چونکہ شہر میں تھے اس لیے کسی نے کہہ دیا کہ صاحب یہ بھی باغیوں میں ملے جلے تھے بس پھر کیا تھا پھانسی کا حکم ہوگیا بہت دوڑ دھوپ ہوئی مگر ان کے آفیسر کمانڈرنگ کی بریت کی شہادت اس وقت آئی جب وہ پھانسی پا چکے تھے ان کی بیوی قادری بیگم صاحبہ بیوہ ہوگئیں ان کی دو بیٹیاں تھیں ایک حضرت سیدہ بیگم صاحبہ اور دوسری معظم بیگم۔

حضرت سیدہ بیگم صاحبہ کی شادی حضرت میر ناصر نواب صاحب سے ہوئی جو (1846ء میں پیدا ہوئے، دفتر نہر میں نقشہ نویس تھے، 15 جون 1891ء کو بیعت کی توفیق پائی، آپ نے قادیان میں غرباء کے لیے تعمیرات و دیگر خدمات میں خاطر خواہ حصہ لیا۔ 19 ستمبر 1924ء کو وفات پائی اور بہشتی مقبرہ قادیان قطعہ خاص میں دفن ہوئے)۔ آپ کے شکم سے 13 بچے پیدا ہوئے لیکن اکثر بچپن میں ہی وفات پا گئے اور صرف تین بچوں نے عمر پائی یعنی:

(1) حضرت اماں جان سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ

(2) حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب

(3) حضرت میر محمد اسحاق صاحب

حضرت سیدہ بیگم صاحبہ ''نانی اماں'' کے لقب سے مشہور تھیں کیونکہ آپ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی نانی تھیں، حضرت مسیح موعود کے زمانے میں آپ ''بڑی بیوی جی'' کے نام سے پکاری جاتی تھیں کیونکہ حضرت اماں جان کا عرف اس وقت ''چھوٹی بیوی جی'' تھا۔

حضرت سیدہ بیگم صاحبہ نہایت نیک اور صالح خاتون تھیں نہایت صابرہ اور شاکرہ، آپ کے دس بچے آپ کی زندگی میں فوت ہوئے لیکن آپ نے یہ صدمے نہایت حوصلے سے برداشت کیے اور خدا کی رضا پر راضی رہیں۔ اپنے خاوند کی فرمانبردار رہیں، حضرت میر ناصر نواب صاحب نے باوجود بڑھاپے کے لمبے لمبے اور تکلیف دہ سفر کر کے غرباء، مساکین، بیوگان اور یتامیٰ کے لیے چندہ جمع کیا اور پھر اپنی نگرانی میں ان کے لیے مکانات تعمیر کروائے آپ کے اس خدمت دین کے کام میں آپ کی اہلیہ محترمہ حضرت سیدہ بیگم صاحبہ نے بھی بہت تعاون کیا۔ محترم شیخ عبداللطیف صاحب بٹالوی حضرت میر ناصر نواب صاحب اور حضرت سیدہ بیگم صاحبہ کے متعلق بیان کرتے ہیں۔

ایک مرتبہ حضرت علامہ میر محمد اسحاق صاحب جو آپ کے فرزند تھے شدید بیمار ہوگئے، آپ کی زوجہ محترمہ یعنی والدہ محترمہ حضرت (اماں جان) نے آپ کو کہلا بھیجا کہ میاں اسحاق بیمار ہے اس کے لیے دعا فرماویں جس وقت آپ کی خدمت میں یہ پیغام پہنچا اس وقت محلّہ دارالضعفاء میں غرباء کے لیے مکانات تیار ہو رہے تھے اور آپ ان کی نگرانی فرما رہے تھے مَیں بھی پاس ہی تھا مجھے فرمایا میاں عبداللطیف اس بڑھیا کو جا کر کہو کہ اگر تم نے مجھ سے اپنے بچے کی صحت کے لیے دعا کروانی ہے تو غرباء کے مکانات کی تعمیر کے سلسلہ میں مجھے روپیہ کی اشد ضرورت ہے اپنے سونے کے کڑے بھیج دو۔ شیخ عبداللطیف صاحب فرماتے ہیں کہ میرے پیغام لے جانے پر آپ کی زوجہ محترمہ نے ایک کڑا اتار کر مجھے دے دیا میں جب وہ کڑا لے کر آپ کی خدمت میں پہنچا تو آپ نے اسے دیکھ کر فرمایا کہ اسے جا کر کہو کہ اگر بچے کی صحت چاہتی ہو تو دوسرا کڑا ابھی فوراً اتار کر دے دو چنانچہ میرے پہنچنے پر انھوں نے دوسرا کڑا ابھی اتار کر دے دیا۔

(حیات نور صفحہ 666,667 از شیخ عبدالقادر صاحب سابق سوداگرمل)

ماں کا درجے کے متعلق آنحضرت ﷺ کا ارشاد الجنّۃ تحت اَقْدامِ الْاُمّہات اس کی اہمیت کو واضح کرتا ہے اِس زمانے میں حضرت مسیح موعود نے ایک مرتبہ پھر اس کی اہمیت کا درس دیا ہے چنانچہ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ حضور کے دل میں ماں کی قدر و قیمت کے متعلق بیان فرماتی ہیں:۔

حضرت اماں جان کی بے حد قدر و قیمت آپ کی نظر میں تھی اور بہت زیادہ دلداری، بہت خیال حضرت اماں جان کا رکھتے تھے اس کا نقش میرے دل پر اب تک ہے مگر ایک بار میں نے دیکھا کہ جب آپ نے ضروری سمجھا تو حضرت اماں جان کی بھی تربیت فرمائی۔ ایک واقعہ عرض ہے بس یہی ایک بات دیکھی اور کبھی نہیں اور خود حضرت اماں جان بھی تو ایک احسن نمونہ تھیں ضرورت بھی پیش نہیں آئی کبھی بھی، صاف نظارہ یاد ہے نیچے کے کمرے کے سامنے کے سہ درے میں نانی اماں بیٹھی تھیں کسی خادمہ نے ان کا کہنا نہ مانا اور کوئی ایسی بات کہہ دی جس سے غلط فہمی پیدا ہو کر نانی اماں حضرت اماں جان سے ناراض ہوگئی تھیں، اس وقت مجھے یاد ہے کہ حضرت نانی اماں غصہ میں کہہ رہی تھیں کہ ''لڑکی (حضرت اماں جان کو حضرت نانی اماں لڑکی کہہ کر مخاطب کرتی تھیں) آخر میری بیٹی تو ہے، ہاں میرے حضرت میرے سر کا تاج ہیں بے شک وغیرہ وغیرہ۔

اتنے میں دیکھا کہ حضرت مسیح موعود حضرت اماں جان کو اپنے آگے آگے لیے چلے آرہے ہیں اس طرح کہ حضرت اماں جان کے دونوں شانوں پر آپ کے دست مبارک ہیں اور حضرت اماں جان کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑیاں بہہ رہی ہیں، آپ خاموشی سے اسی طرح حضرت اماں جان کو لے کر آگے بڑھے اور اسی طرح حضرت اماں جان کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے نانی اماں کے قدموں پر آپ کا سر جھکا دیا، پھر نانی اماں نے حضرت اماں جان کو اپنے ہاتھوں پر سنبھال لیا شاید گلے بھی لگایا تھا اور آپ واپس تشریف لے گئے۔

کچھ سوچیں اِس زمانہ کی اولادیں! اکثریت وہ ہوگی جن کو ماؤں کی قدر نہیں، احمدی بچیو! اور بہنو! یہ نقشہ جو میں نے دیکھا اور یاد رہا اس کو ذرا اپنی چشم تصور میں لاؤ کہ وہ شاہ دین اپنی خدا تعالیٰ کی جانب سے خدیجہ کا لقب پائے ہوئے بیوی (اماں جان) کو جس کو ہر وقت آپ کی خاطر مطلوب تھی اور جس کی عزت بہت زیادہ آپ کے دل میں تھی اس کی والدہ کی معمولی ناراضگی سن کر برداشت نہ فرما سکا اور خود لا کر اس کی ماں کے قدموں میں جھکا دیا، گویا یہ سمجھایا کہ تمھارا رتبہ بڑا ہے مگر یہ ماں ہے تمھارے لیے بھی اس کے قدموں تلے جنت ہے۔

(الفضل 25/اکتوبر 1968ء صفحہ 3,4)

آپ نے 23 نومبر 1932ء کو قادیان میں وفات پائی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جنازہ پڑھایا اور بہشتی مقبرہ قادیان احاطہ خاص میں حضرت مسیح موعود کے مزار کے قریب اپنے خاوند حضرت میر صاحب کے پہلو میں دفن ہوئیں۔ آپ کی وفات پر آپ کے بیٹے حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب نے آپ کا ذکر خیر کرتے ہوئے لکھا:

''....والدہ صاحبہ کی شادی قریباً 12-3 سال کی عمر میں حضرت والد صاحب سے ہوگئی تھی اور جہاں تک میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے یہ جوڑا بہت کامیاب جوڑا رہا ہے اور دونوں میں بہت دلی تعلق محبت کا تھا۔ ابتدائے عمر میں جب حضرت میر صاحب ملازم نہ تھے اور پھر ملازم ہوئے تو تنخواہ قلیل تھی اس وقت والدہ صاحبہ کا ہزار ہا روپیہ کا زیور سب گھر کے خرچ میں کام آیا۔

آخر عمر کا واقعہ یہ ہے کہ 1912ء میں والدہ صاحبہ نے کئی دفعہ ذکر کیا کہ میرا جی چاہتا ہے کہ 500 روپیہ کے سونے کے کڑے میں اپنے ہاتھوں میں پہنوں، خدا کا فضل ایسا ہوا کہ ان دنوں ہی مجھے بھی کہیں سے ایک معقول رقم دستیاب ہوگئی اور میں نے ان کی یہ خواہش پوری کر دی اگلے سال 1913ء میں جو میں قادیان گیا تو میں نے دیکھا کہ ہاتھ خالی تھے پوچھا کڑے کہاں گئے؟ فرمانے لگیں کہ تمھارے ابا کے حج پر خرچ ہوگئے، یہ ایک نمونہ ہے ان کی محبت کا اپنے خاوند کے ساتھ۔

ہم کل 13 بہن بھائی تھے جو ان کے شکم سے پیدا ہوئے سب سے بڑی حضرت (اماں جان)، ان کے بعد 5 ہو کر فوت ہوگئے پھر یہ خاکسار، میرے بعد 5 اور ہوئے پھر میر محمد اسحٰق صاحب، مجھ میں اور حضرت (اماں جان) میں قریباً 16 سال کا فرق ہے اور مجھ میں اور میر محمد اسحٰق صاحب میں قریباً دس سال کا۔ میرے بعد جو ہوئے تھے وہ اکثر پیدا ہوتے ہی مر گئے تھے جو مجھ سے پہلے ان کی اولاد تھی ان میں سے چار بڑے ہو کر فوت ہوئے تھے .... آپ یہ دعا فرمایا کرتی تھیں کہ خدایا اب مجھے اس اولاد کا غم نہ دکھانا چنانچہ یہ دعا آپ کی مقبول ہوئی۔

صحت کے لحاظ سے آپ کی حالت ایسی تھی کہ آخر عمر تک بغیر عینک کے باریک سے باریک کتاب پڑھ لیتی تھیں اور عمر کے لحاظ سے قویٰ بھی اچھے تھے اور حافظہ بہت اچھا تھا ہوش و حواس اور دماغی طاقتیں سب بالکل صاف تھیں۔

والد صاحب کی بابت بعض لوگ کہتے تھے کہ یہ اپنی بیوی کے ہاتھ میں کٹھ پتلی کی طرح ہیں یہ سچ ہے مگر یہ اتفاق اور اتحاد صرف ان کی خدمت اور محبت اور ایثار کی وجہ سے تھا۔

مجھے یاد ہے کہ وہ ہجرت کر کے قادیان 1893ء میں آئی تھیں اور پھر یہیں رہیں مگر اس سے پہلے ہمیشہ وقتاً فوقتاً ہمارے والد صاحب ان کو قادیان اپنے ہمراہ لایا کرتے تھے یا کبھی ان کو چھوڑ جاتے پھر دوسرے پھیرے میں لے جاتے۔ سب سے پہلے وہ قادیان میں حضرت مسیح موعود کے والد بزرگوار کی زندگی میں آئی تھیں جب میر صاحب نہر پر سب اوورسیر تھے اور کئی ماہ قادیان میں ٹھہری تھیں اور جب حضرت مسیح موعود نے دہلی میں حضرت (اماں جان) کے لیے پیغام بھیجا تو میر صاحب کو انھوں نے بھی مشورہ دیا تھا کہ دیگر برادری کے لڑکوں کی نسبت تو غلام احمد ہی اچھا ہے چنانچہ وہ نکاح ظہور میں آگیا۔ ان کے اخلاق میں یہ باتیں بہت نمایاں تھیں:۔

سخی بہت تھیں۔ ایک دفعہ ایک نامعلوم شخص نے مجھے لکھا کہ تم دو روپے مجھے بھیج دو ورنہ ٹھیک نہ ہوگا میں نے والدہ صاحبہ کو خط سنایا فرمانے لگیں: مانگتا ہے بھیج دو۔ میں نے کہا کہ کوئی اس طرح بھی مانگا کرتا ہے میں نہیں بھیجوں گا! انھوں نے اسی وقت اپنے پاس سے اس شخص کے نام دو روپیہ منی آرڈر کر دیے۔ ہمیشہ غریب لوگوں کی امداد کرتی تھیں کپڑے بناتی تھیں اور تقسیم کر دیتی تھیں، اسی طرح صدقہ برابر کرتی رہتی تھیں۔

غرور اور تکبر کبھی ان میں میں نے نہیں دیکھا، ادنیٰ سے ادنیٰ آدمی کے ساتھ بھی ملاطفت اور انکسار سے پیش آتی تھیں اور ہمیشہ اپنے تئیں نہایت گنہگار فرمایا کرتی تھیں اور ان کی یہ بات ہمیشہ دل سے نکلتی تھی،

کبھی قوم پر اور اس عزت پر جو خدا نے ان کو حضرت مسیح موعود کے طفیل دی تھی انھوں نے فخر نہیں کیا۔

جس کے ساتھ رشتۂ محبت جوڑا اسے آخر تک نبھایا مثلاً ایک لڑکی میاں جان محمد مرحوم کی نواسی جس کا نام رحیم بی بی تھا ان کے پاس بچپن میں رہتی تھی اس کا بیاہ کیا اسے اور اس کے خاوند کو اپنے گھر میں جگہ دی پھر وہ بیچاری بہت سے بچے چھوڑ کر مر گئی تب بھی یہی فرمایا کہ اس مکان میں اس کا خاوند اور بچے رہا کریں میں ان کو یہاں سے نہ جانے دوں گی اسی طرح بہت سے خاندانوں اور بہت سی عورتوں سے رشتۂ مودت جوڑا تھا جس کا نباہ برابر آخری عمر تک رہا۔

علاوہ اس کے دعا کے وقت بہت تضرع کیا کرتی تھیں اتنا کہ پاس بیٹھنے والا بھی متاثر ہو جاتا تھا۔

حضرت مسیح موعود جب کتابیں یا اشعار تصنیف فرمایا کرتے تھے تو بعض دفعہ کسی اردو لفظ پر اٹک جاتے فرماتے میر صاحب کو بلاؤ پھر ان سے وہ لفظ پوچھتے، بعض وقت تسلی نہ ہوتی تو حضرت والدہ صاحبہ کے پاس چلے جاتے یا ان کو بلوا لیتے اور فرماتے کہ اردو کا یہ لفظ کن معنوں میں استعمال ہوتا ہے؟ بلکہ فقرے بنواتے تا کہ لفظ کے معانی اور اس کا استعمال پوری طرح معلوم ہو جائے، زبان اردو کے متعلق حضور میر صاحب سے زیادہ والدہ صاحبہ کو مستند سمجھتے تھے۔

درخت لگانے کا بہت شوق تھا چنانچہ اب بھی ہمارے مکان میں دو نیم کے درخت ہیں جنھیں بچوں کی طرح دودھ ڈال ڈال کر پرورش کیا ہے۔...

(الفضل 22 دسمبر 1932ء صفحہ 9,10)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مکرم بشارت احمد چیمہ صاحب

انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت

ایمان بالغیب اور قیام نماز کے ساتھ خدا تعالیٰ کے دیئے ہوئے رزق میں سے خرچ کرنے کا حکم

اللہ تعالیٰ نے اپنے رحمٰن اور رحیم ہونے کے ناطے انسان کو وہ اجزائے ترکیبی جس سے کائنات بنی ہے یعنی پانی، مٹی، آگ، ہوا نہ صرف مفت بلکہ وافر مقدار میں عطا فرمائے ہیں۔ مزید برآں یہ کہ اس نے انسان کو حسین صورت میں پیدا کیا اور بہترین مذہب پر کاربند کیا۔

انسان کو جب مانگنے کا سلیقہ اور شعور بھی نہ تھا اس نے حواس خمسہ یعنی دیکھنے، سننے، سونگھنے، چھونے اور چکھنے کی حسیں عطا کیں۔ نیز جسمانی اعضاء ہاتھ پاؤں دیئے اور قویٰ عطا کئے۔ اس ارضی دنیا میں رہنے کے لئے زرخیز زمین، جائیداد، مال و دولت، رہائش اور بیوی بچے عطا کئے۔

جسمانی اعضا و قویٰ اور مادی وسائل سے انسان محنت اور کوشش کر کے وہ کچھ حاصل کرتا ہے جس سے وہ اپنی گزر بسر کے ساتھ ساتھ حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرتا ہے۔

یہ زمین یہ طاقت یہ عقل اور جملہ وسائل اللہ تعالیٰ کی عطا ہیں ان سے کوئی کھیتی باڑی کرتا ہے تو کوئی ملازمت۔ کوئی تجارت کرتا ہے تو کوئی محنت مزدوری۔ خدا تعالیٰ اپنے ان عطا کردہ فضلوں کے شکرانہ کے طور پر انسان سے اس کی کمائی کا بہت تھوڑا حصہ مانگتا ہے اور وہ واپس اس لئے مانگتا ہے کہ اس کا مال حلال اور طیب ہو۔ یہ مال بڑھے اور اس کی رضا حاصل ہو۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر روز صبح دو فرشتے نازل ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک کہتا ہے اے اللہ تعالیٰ خرچ کرنے والے کو بہتر عطا کر اور دوسرا کہتا ہے کہ اے اللہ مال روکنے والے کے لئے ہلاکت اور بربادی مقدر کردے۔ (بخاری)

خدا تعالیٰ تو مالوں کو بڑھانے کے لئے مال کا مطالبہ کرتا ہے۔ ورنہ وہ تو غنی ہے اسے تو کوئی ضرورت نہیں۔ انسان فقیر ہے جسے ہر چیز خدا تعالیٰ سے مانگنا پڑتی ہے۔ (سورة محمد:39)

قرآن کریم میں خدا تعالیٰ نے تزکیہ اموال اور صدقات کی ادائیگی کی تحریک فرمائی ہے اور موجودہ دور میں ان مالی قربانیوں کے ساتھ ساتھ امام وقت کی طرف سے اور بھی مالی تحریکات کی گئی ہیں۔ ان میں لازمی چندہ جات مثلاً حصہ آمد چندہ عام اور جلسہ سالانہ ہیں جو ہمارے احمدی ہونے کی پہچان ہیں۔ نیز دیگر تحریکات مثلاً تحریک جدید، وقف جدید اور دیگر تنظیمی چندے ہیں جو ہماری تربیت، تقویٰ اور ایمان کی علامت ہیں۔ خدا تعالیٰ کا یہ فضل و احسان ہے کہ احباب جماعت قیام احمدیت سے لے کر تا دم مرگ ان کی ادائیگیوں کو جزو ایمان سمجھتے ہیں۔ قربانیوں میں مشکل ترین قربانی مال کی ہے۔ مگر تقویٰ شعار لوگ انتہائی خوش دلی اور صدق ایمان سے اس مالی جہاد میں بھرپور حصہ لینے کو سعادت سمجھتے ہیں۔

جماعت احمدیہ کے قیام و دوام اور روز افزوں ترقی کا باعث احباب جماعت کا یہی اخلاص و وفا ہے جو مالی قربانی میں نظر آتا ہے۔ جماعت کے مخالفین یہ اعتراف کرتے ہیں کہ اگر مرزا صاحب جماعت میں مالی نظام جاری نہ کرتے تو یہ جماعت کب کی ختم ہو جاتی۔ پس ایسی جانی، مالی قربانی میں ہی جماعت کی بقا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

ہر ایک شخص جو اپنے تئیں بیعت شدوں میں داخل سمجھتا ہے۔ اس کے لئے اب وقت ہے کہ اپنے مال سے بھی اس سلسلہ کی خدمت کرے..........عزیزو! یہ دین کے لئے اور دین کی اغراض کے لئے خدمت کا وقت ہے۔ اس وقت کو غنیمت سمجھو کہ پھر کبھی ہاتھ نہیں آئے گا۔

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد 19 ص 83)

اس مالی قربانی سے دنیا میں بیوت الذکر اور مشن ہاؤسز کی تعمیر، قرآن کریم کی اشاعت اور مختلف ادارے مثلاً ہسپتال، ڈسپنسریاں، تعلیمی ادارے نیز خدمت خلق کے کام سرانجام پا رہے ہیں۔ نیز احباب جماعت میں دین کو دنیا پر مقدم رکھتے ہوئے خدا اور اس کے رسول کے نام کو زمین کے کناروں تک پہنچانے کا عزم پیدا ہو رہا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

”یہ ظاہر ہے کہ تم دو چیز سے محبت نہیں کر سکتے اور تمہارے لئے ممکن نہیں کہ مال سے بھی محبت کرو اور خدا سے بھی۔ صرف ایک سے محبت کر سکتے ہو۔ پس خوش قسمت وہ شخص ہے کہ خدا سے محبت کرے اور اگر کوئی تم میں سے خدا سے محبت کر کے اس کی راہ میں مال خرچ کرے گا تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اس کے مال میں بھی دوسروں کی نسبت زیادہ برکت دی جائے گی۔ کیونکہ مال خود بخود نہیں آتا بلکہ خدا کے ارادہ سے آتا ہے۔ پس جو شخص خدا کے لئے بعض حصہ مال کا چھوڑتا ہے۔ وہ ضرور اسے پائے گا۔ لیکن جو شخص مال سے محبت کر کے خدا کی راہ میں وہ خدمت بجا نہیں لاتا جو لانی چاہئے تو وہ ضرور اس مال کو کھوئے گا۔ پس یہ خیال مت کرو کہ تم کوئی حصہ مال کا دے کر یا کسی رنگ میں خدمت بجا لا کر خدا تعالیٰ اور اس کے فرستادہ پر کچھ احسان کرتے ہو۔ بلکہ یہ اس کا احسان ہے کہ تمہیں اس خدمت کے لئے بلاتا ہے۔“

(مجموعہ اشتہارات جلد دوم صفحہ 613 جدید ایڈیشن)

اس مالی قربانی کے بدلہ میں خدا تعالیٰ اس مال کو دس گنا۔ ستر گنا اور بعض حالات میں سات سو گنا تک بڑھا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی مثال گندم کے دانے سے دیتا ہے جو زمین میں بونے کے بعد سات سو دانوں میں بدل جاتا ہے اور انفاق فی سبیل اللہ والا مال نہ کم ہوتا ہے اور نہ ضائع بلکہ یہ سارے مال کو حلال اور طیب کر کے اس کا فیض انسان اور اس کی نسلوں کو پہنچاتا ہے۔

(سورة البقرہ:262)

دنیا میں دولت کی ہوس اور مادیت پرستی، خدا تعالیٰ سے دوری۔ دین سے بیزاری اور ناعاقبت اندیشی پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر انسان خدا تعالیٰ کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق زندگی گزارے تو اس کی رضا اور فضلوں کا حصول ہو سکتا ہے۔

خدا تعالیٰ فرماتا ہے اے مومنو! کیا میں تمہیں ایسی تجارت کا طریق نہ بتاؤں جس سے تم دردناک عذاب سے نجات پا سکو گے۔ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور نفسوں کا جہاد کرو اور اگر تم کچھ بھی علم رکھتے ہو تو یہ تمہارے لئے نیکی کی بات ہے (اس تجارت، ایمان اور جہاد سے اللہ تعالیٰ) تمہارے گناہوں کو ڈھانپ دے گا اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ (تمہیں تجارت میں کامیابی چاہئے تھی) تو یہی عظیم کامیابی ہے۔ (جس کے تم خواہاں تھے)

(سورة صف 11 تا 13)

ایسی تجارت میں ناکامی اور دردناک عذاب کی وعید صرف اسی صورت میں ہے جب ہم اپنی ہر طرح سے حاصل ہونے والی آمدنی سے مناسب اور مقررہ حصہ خدا تعالیٰ کی راہ میں نہیں نکالتے۔ تو اس طرح ہمارا مال حلال ہوتا ہے نہ طیب اور اس میں برکت بھی نہیں رہتی۔ اگر انسان سمجھے کہ انفاق فی سبیل اللہ سے مال کم ہوگا تو یہ کم فہمی ہے۔

اگر انسان خدا تعالیٰ کی رضا چاہتا ہے تو اسے حقوق اللہ اور حقوق العباد کے لئے اس کے دیئے ہوئے رزق سے خرچ کرنے میں بخل سے کام نہیں لینا چاہئے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے حضور یہ بخل ایک لعنت ہے جو قیامت کے دن اس کا طوق بخیل کے گلے میں ہوگا اور بظاہر خدا تعالیٰ سے پوشیدہ کی گئی دولت بچت نہیں ہوگی بلکہ ناگہانی ضیاع ہوگی۔

(آل عمران:181)

خدا تعالیٰ سے مخلصانہ تعلق اور اس سے معاملہ صاف رکھنے کے لئے ہمیں انفاق فی سبیل اللہ میں پورے صدق کے ساتھ حصہ لینا چاہئے۔ تا کہ خدا کے حضور سرخرو ہو سکیں۔ اگر اس دنیا میں انسان عدم ادائیگی پر خدا تعالیٰ سے معافی چاہتا ہے۔ وہ بخشنے والا تو ہے مگر پھر کس منہ سے پانچ نمازوں میں اس سے اپنی ضروریات کے لئے مدد کا طالب ہوگا جبکہ ہم اس کا حصہ ادا کرنے والے نہ ہوں اللہ تعالیٰ ہمیں ہر ممکن توفیق عطا فرمائے کہ ہم احسن انداز میں انفاق فی سبیل اللہ کے مالی جہاد میں شامل ہو کر خدا تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے والے ہوں۔ آمین

ماخوذ

فطری حسن کا شاہکار اور نیلم کا دل

وادیٔ شاردہ

اپنے ثقافتی ورثے، تہذیبی اقدار اور یکتا جغرافیائی محل وقوع کے ساتھ ہر موسم میں قومی سیاحت کے لئے موزوں قدرتی حسن اور دلکشی کا مرقع وادیٔ شاردہ 2003ء کے بعد سے پاک بھارت جنگ بندی کے بعد دوچند اہمیت اختیار کرگئی ہے۔ شاردہ اپنی قیمتی عمارتی لکڑی، معدنیات کے بے پناہ نوادر، قدیم تاریخی نوادرات اور مقامات، گھاٹیوں، سبزی مائل، نیلگوں شفاف پانیوں، یہاں پائی جانے والی صلاحیت مشروم (کھمبیاں)، پنیر، شہد اور 400 سے زائد نت نئی طبی اہمیت کی حامل جڑی بوٹیوں کے باعث بہت اہمیت کی حامل ہے۔

فطری حسن کا شاہکار، ضلع نیلم کا دل، وادی شاردہ دلکشی کے لاکھوں سامان اور سحر وشام کے تمام روپ لئے طراوت بخش نظارے دکھاتی ہے۔ تھمے، سہمے، کہیں پُرجوش اور بپھرے دریائے نیلم کا ساتھ لئے۔ یہ وادی لازماً ایک نادیدہ صناع کی بنی عالی شان تصویر جا پتی ہے۔ یہاں کی سرد راتوں میں سرد ہواؤں کی سنسناہٹ کے درمیان ستاروں سے بھرے آسمان جادوئی فلم کا منظر لگتا ہے۔

ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں سے جھولتے یہاں کے سروقد درخت، یخ ہوا کی موسیقی بھری سرسراہٹ، دھند میں لپٹے دنگ کر دینے والے پہاڑوں کا نظارہ، چوٹیوں پر دھوپ اور ان کے اطراف میں معلق بادل ماحول کو رومان پرور بنادیتے ہیں۔ آسمان کی بلندیوں کو چھوتے جنگلات سے مزین پہاڑ، دریائے نیلم کا غیض وغضب اور کہیں مست خرامی فطرتی ماحول کو پُرکشش بناتے ہیں۔ پھولوں اور پھلوں سے لدے پھندے درخت، لہلہاتی، جھومتی جھامتی اور فضاؤں کی چھیڑ خانی سے ناچتی فصلیں، روایتی کشمیری طرز کے مکانات، کشادہ گاؤں کے عقب میں جنگلات کا سلسلہ وسیع کیف آگیں ماحول پیش کرتے ہیں۔ شاردہ میں گلہائے رنگارنگ کے گرد پائی جانے والی معطر خیز زندگی بخش جڑی بوٹیاں، طائران کی نغمہ ریزیاں، نغمے الاپتی زمرمہ خواں آبشاریں سیاحوں کو بے پایاں انبساط و شادمانی سے ہمکنار کرتے نظر آتے ہیں۔ شاردہ کی صبحیں کیف وخمار اور نشاط میں ڈوبے ہونے کے باعث ناقابل فراموش ہیں۔ رات بھر بارش پڑنے کے بعد صبح کی اجلی اجلی روشنی میں نکھرا نکھرا سبزہ آنکھوں کو طراوت بخشتا ہے۔ ہر سانس کے ساتھ ہر جا اُگے خوشبو بھرے پھولوں کی بھینی بھینی مہک ہمارے نتھنوں سے ٹکرا کر ہمیں تازہ دم کردینے کے لئے کافی ہے۔ جنگل میں طمانیت بخش کیمپنگ، درختوں کے جھنڈوں کے درمیان وادی شاردہ میں ٹریکنگ، کوہ نوردی، شکار (مچھلی اور جنگلی جانوروں کا) قدرتی ماحول اور آثار قدیمہ کا مطالعہ مظاہر فطرت کی معیت میں سستانے کا نادر موقع فراہم کرتے ہیں۔ وادی نیلم کی حسین ترین شاردہ میں پوری پوری پہاڑیاں سبزے سے ڈھکی ہوئی ہیں۔ صبح کی ہلکی ہلکی روشنی میں شاردہ کا حسن اور بھی نکھر جاتا ہے۔ سامنے پہاڑیوں کے کناروں پر برف کا بارڈر بنا ہوتا ہے جو سورج کی کرنیں پڑنے سے چمک جاتا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے گویا کسی دوشیزہ نے سنہری گوٹے والا دوپٹہ اوڑھ رکھا ہو۔

شاردہ کا شہر ایک کم درختوں والے ٹیلے پر آباد ہے لیکن اس کے پس منظر میں بلند پہاڑوں پر گھنے جنگلات موجود ہیں۔ وادی شاردہ پاکستان بھر میں اپنی شفا بخش اور نایاب جڑی بوٹیوں کی کثرت کی وجہ سے بین الاقوامی اہمیت رکھتی ہے۔ یہاں 400 سے زائد جڑی بوٹیاں دستیاب ہیں۔ اس کے بعد دوسرے اور تیسرے نمبر پر بالترتیب موسیٰ کا مصلیٰ (کاغان) 350 اور بٹہ کنڈی، جھل کھڈ، بیسل (300) (بالائی کاغان) آتے ہیں۔ مقامی جڑی بوٹیوں میں کٹھ، پتریسی (برائے پیٹ درد)، بٹ ویاہ، رچھولا، کوڑ، گگل، دھوپ، گوزبان وغیرہ زیادہ قابل شناخت ہیں۔ کچھی، کٹھ (جوڑ درد) پتھریس، کڑلینس کا جل، داتن، تھولا کی جڑیں (بال بڑھانے کے لئے) بھی اہم ہیں۔

ماضی میں ہندو بھکشوں اور پادریوں کے لئے مقدس مقام کا درجہ رکھنے والی وادی، (ضلع) نیلم کی قیمتی لکڑی سے مالا مال اسی وادی کے دل تحصیل شاردہ کے جنگلات سے اٹے پہاڑوں، پُرسکون دریا کی روانی بھرے، دریائی جزیروں، ڈیلٹائی چمکیلی ریت کے بیلوں، تاریخی نواحی پہاڑی چوٹیوں شاردی اور ناردی، تندوتیز سرگن نالہ کی نغمہ ریزیوں، ٹراؤٹ مچھلی کے شکار کے لمحات، صدیوں قدیمی تاریخی بدھ ثقافت علم وادب کے علمبردار عبادت گاہوں کے آثار قدیمہ اور ڈوگرہ عہد کے دو بلند برجوں پر مشتمل پتھروں کے تعمیر شدہ قلعے کے لئے معروف شاردہ کے مغرب میں مظفرآباد اور وادی نیلم کے زیریں علاقے، شمال میں آزاد کشمیر اور گلگت ایجنسی جنوب میں مقبوضہ کشمیر کے علاقے لئے، تہہ در تہہ بلند ہوتے ہوئے سرسبز پہاڑوں میں گھر اور دریائے نیلم کے بل کھاتے چوڑے پُرسکون بہتے ہوئے پاٹ کے کنارے آباد مظفرآباد سے شمال مشرق میں 136 کلومیٹر دور، سطح سمندر سے 1981 میٹر بلند وادی شاردہ آزاد کشمیر کے سیاحتی مقامات میں اولین حیثیت رکھتی ہے۔

شاردہ پہنچنے کے لئے ہمیں مظفرآباد سے پٹیکہ، نوسیری، باڑیاں، جورا، کنڈل شاہی، اٹھمقام، نکدر، لوات، دواریاں، چانگاں، دودندیال، تیجاں، خواجہ سیری، کھیری گام، سیری، شک بیلہ، کناری کے مقامات سے گزرنا ہوتا ہے۔ شاردہ (زلزلہ سے قبل) صبح ساڑھے پانچ، رات ساڑھے دس، دوپہر ایک بجے گاڑیاں مظفرآباد کے لئے روانہ ہوتی ہیں۔ کیرن بائی پاس، لیسوا بائی پاس کے مقامات پر آبادی کو ہندوستانی فائرنگ سے بچاؤ کے لئے پتھر کی حفاظتی دیواریں بھی تعمیر کی گئی ہیں۔

اس تحصیل ہیڈ کوارٹر مقام کے مشرق میں رتہ پانی، مغرب میں کھری گام، خواجہ سیری، جنوب میں نالہ سرگن، نوری ناڑ ٹاپ، سرگھموٹ واقع ہیں۔ علاقے کی بلند آبادیوں میں ڈھوک برت، کھری گام، مائی ناردا، کیل سیری، چھپڑ سام گا، لال بتی زیادہ اہم ہیں۔ ان سرسبز جگہوں پر موسم گرما میں چرواہے اپنے ریوڑ لے کر چلے جاتے ہیں اور عارضی کچے کوٹھوں میں رہائش پذیر ہوجاتے ہیں۔ شاردا کے نواح میں قدرتی سرسبز چراگاہوں میں زیادہ اہم رتہ پانی، لوگی، مونڈا والا میدان، کھموٹ، کالا چندراں (یہاں سے نیلم نکلتا ہے)، ہیولاں (بلندترین چراگاہ مائی نادرہ)، کڑگلی، لنڈا شامل ہیں۔ شاردہ کے نواح میں چند خوبصورت اور یادگار ٹریک رتی گلی جھیل، نوری نار ٹاپ، ہولا، کالے، جندراں، لنڈا ٹاپ بہت زیادہ قابل دید ہیں۔ وادی کاغان اور چلاس تک پہنچنے کے لئے بھی شاردہ کے قریب نکدرا اور لوات جیسی جگہوں سے سفر کا آغاز کیا جاسکتا ہے۔ رتی گل جھیل دواریاں کے راستے شاردہ سے دو دن پیدل مسافت پر واقع ہے۔ چاندنی راتوں کی ملکہ، برف سے ڈھکی، نیلگوں پانی کی آماجگاہ، بلند پہاڑوں میں گھری اس جھیل کی سیاحت یادگیر کا رتبہ رکھتی ہے۔ لوات کے علاقہ پتلیاں میں کافی بلندی پر سطح گھاس سے میدان اور ان پر خوبصورت پھول بہت متاثر کن منظر پیش کرتے ہیں۔ دریائے نیلم کی بہتی لہروں کے مخالف سمت میں سے پڑنے والی سورج کی شعاعیں اس دریا کو ایسا منظر بخشتی ہیں گویا اس دریا میں سے ستارے پھوٹ رہے ہوں۔ شاردہ میں دریائے نیلم اکثر جگہوں پر اس سکوت سے گزرتا ہے گویا یہ ایک جھیل ہو۔ اسی جھیل میں نواح میں موجود سرسبز اور رنگ برنگے پہاڑوں اور ان پر منڈلاتے اور ان کو چومتے نیچے جھک آئے نٹ کھٹ بادلوں کا گل رنگ نظارہ اس علاقہ کو ودیعت کردہ فراغ دلانہ حسن کی گواہی دے رہا ہے۔ نواحی پہاڑوں پر بنے دل آویز گھروں، درختوں کے جھنڈوں اور سورج کے مخالف سمت موجود پہاڑوں کے سائے کے مناظر شاردہ کے پہاڑوں کے بیچ و بیچ گزرتے ہوئے سفید برفاب لکیر نما دریا میں اس طرح جابجا نظر آتے ہیں۔ گویا کوئی وسیع وعریض قدرتی شیشہ اس وادی میں پھیلا دیا گیا ہو۔ دریائے نیلم کے یہاں وہاں موڑ کاٹتے نظارے اور اسی دریا میں کئی جگہ بننے والے ریتلے جزیرے اور کنارے اس وادی کو مزید تنوع بخشتے ہیں۔ اس دریا میں کشتی رانی اور اس کے قومی مقابلوں کا اہتمام بھی کیا جاسکتا ہے۔ سبز و نیلے رنگ کا دریا اور سرسبز کھلیان و جنگلات، پہاڑوں سے گرنے والی آبشاریں اور دریا میں بہہ کر آنے والی نایاب کالے دریا کی لکڑی روکنے کے لئے عارضی طور پر دریا میں لگی آہنی تار کے گرد لکڑی کی گیلیوں کا جمگھٹا عارضی فوجی پڑاؤ کا تاثر دیتا ہے۔ شاردہ کے اسی علاقے میں دریائے نیلم تقریباً 6 تا7 کلومیٹر کے علاقے میں عین سیدھا اور پُرسکون انداز میں سفر کرتا ہے۔ 6500 فٹ، بلند شاردہ میں دریا کے شور سے گلو خلاصی ہوجاتی ہے۔ پُرسکون دریائے نیلم کے کنارے درختوں کی لمبی قطاریں فرحت وتازگی کا احساس چوگنا کردیتی ہیں۔ دریائے کشن گنگا میں شامل ہونے والے نالوں میں زیادہ اہم ماؤناڑ، نکروں، ڈھکی چناڑ، سرگن نالہ، کھری گام نالہ زیادہ اہم ہیں۔ مظفرآبا سے 136 کلومیٹر دور شاردہ کی فضا میں گڑگڑاہٹ کے ساتھ بارش اپنے ساتھ رستوں کی بندش، نیلم کے پانی کے سرخ ہونے، سڑک پر تیز بہتے پانی اور مٹی کی تودوں کی آمد کی خبر اپنے ہمراہ لاتی ہے۔ جھاڑیوں میں گم ہوتی ہوئی تنگ پگڈنڈیاں، جنگل سے بمشکل چھنتی دھوپ کا نظارہ، بار بار دامن سے لپٹتی کانٹے دار جھاڑیاں، خوبصورت پُراسرار پرندوں کا سریلی آواز میں گانے کا جادو جگانا، چاندی کی طرح چمکتے دریائے نیلم کا ہلکا نیلا اجلا پانی کہ کسی مہ جبیں کی آنکھوں کے حیران کردینے والی چمک، ایسے تازگی بخشتے مناظر ہیں جو سیاحوں کو دنگ کردینے کے لئے کافی ہیں۔ سرگن نالہ پر 2 میگاواٹ بجلی کی گنجائش کا ایک پن بجلی گھر 2007ء تک مکمل ہونے کا امکان تھا۔ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے تعاون سے 25 تا50 کلوواٹ کا پن بجلی گھر شاردہ شہر میں شام 7 تا9 بجے (گرما) اور سرما میں مغرب تا عشاء بجلی کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔

اڑھائی تین ہزار سال پہلے کے قدیم بدھ حکمرانوں کو اس وادی کے حسن اور موسم کی دلآویزی نے اتنا متاثر کیا کہ انہوں نے شاردہ کے مقام پر ایک یونیورسٹی تعمیر کی جہاں وسطی وشمالی ہند، خراسان، سندھ اور پنجاب، بنگال وسطی ایشیا تک کے طالب علم دنیاوی شورشرابے سے دور معرفت اور علم کی تلاش میں یہاں آکر عشروں قیام کیا کرتے تھے۔

''کشک اول'' کے دور حکومت میں شاردہ وسطی ایشیا اور ایشیا کی (بدھ مذہب کے ماننے والوں کے لئے) سب سے اہم اور بڑی تدریسی درسگاہ تھی۔ جہاں بدھ مذہب کی باقاعدہ تعلیم کے ساتھ ساتھ تاریخ، جغرافیہ، ہیئت، منطق اور فلسفہ پر دیوناگری رسم الخط کے ذریعے سیر حاصل تعلیم دی جاتی تھی۔ پتھروں سے بنی 18 تا24 فٹ بلند دیواروں میں گھری شمالاً جنوباً مستطیل یونیورسٹی کے عین وسط میں نیپالی شہزادے کشک اول کا، 64 تا67 قبل مسیح میں تعمیر کرایا ہوا چبوترا جدید دور کے ماہر تعمیرات اور انجینئرز کو

ورطہ حیرت میں ڈال دیتا ہے۔ یونیورسٹی کے عین وسط میں خاص طرز تعمیر کا حامل، بغیر چھت کے، 36 فٹ بلند چبوترہ نما سٹوپا اپنے مغرب کی سمت داخلی دروازہ لئے ہوئے چاروں طرف سے کھدائی اور نقش و نگار سے مزین ہے۔

شاردہ یونیورسٹی کے آغاز میں 63 سیڑھیاں چڑھ کر ہم اس یونیورسٹی کے محراب نما داخلی دروازے تک پہنچ جاتے ہیں۔ اس دروازے کی بڑے بڑے 8 پتھروں کو باہم ایک دوسرے پر جوڑ کر بنی دیوار بائیں جانب ہی امتداد زمانہ سے محفوظ رہ سکی ہے۔ سالہا سال کی بارش اور زمینی کٹاؤ نے اس مرکزی داخلی دروازہ کو اور اس کی بنیادوں کو غیر مربوط اور ٹیڑھا میڑھا کر دیا ہے۔ یونیورسٹی کے مرکزی برج میں پانچ سیڑھیاں چڑھنے کے بعد داخل ہوا جاسکتا ہے۔ اس کے تینوں اطراف کے بیرونی جانب بدھ مت کے ماننے والوں کے نزدیک مقدس شبیہیں بھی بنائی گئی تھیں جو مظفرآباد میوزیم میں رکھ دی گئیں۔ اس عمارت کے اوپری جانب اس کی دیواروں سے آگے بڑھے ہوئے کئی چھجے بھی ماہرین تعمیرات کے لئے باعث دلچسپی بنتے ہیں۔ اس سٹوپا کے گرد چہار اطراف میں حفاظتی برجیوں کے باقیات بکھرے ہوئے پتھروں کی صورت میں موجود ہیں۔

اس وادی میں مون سون کے ایام میں بارش برف پوش پہاڑوں اور ندیوں کو ایک نیا روپ عطا کرتی ہے اور یہاں کی ٹھنڈی ہوائیں تیز بہتے ندی نالوں کے ساتھ ہم کلام ہوتی ہیں۔ شاردہ کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 5 تا 28 سینٹی گریڈ (موسم گرما) رہتا ہے۔ موسم گرما میں سبزہ ہر کونے سے پھوٹنے لگتا ہے۔ بہار کا موسم اوائل جون میں شروع ہوتا ہے۔ جب چہار اطراف سے گمنام پھولوں کی بارات نما کہکشائیں لوٹنے پوٹنے لگتی ہیں۔ بادلوں کی خانمہ خرابیاں بڑھ جاتی ہیں۔

(نوائے وقت سنڈے میگزین۔ 18 نومبر 2007ء)

مکرم رانا مبارک احمد صاحب

ایمبولینس اور ریسکیو ٹیم

ایمبولینس خدمت خلق کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ ایمبولینس کے معنی مریض کو فوری ہسپتال لے کر جانے والی گاڑی۔ وین، ہیلی کاپٹر یا ہوائی جہاز یہ سب ذرائع طبی آمدورفت ہیں۔ جو ان دنوں دنیا میں زیر استعمال ہیں۔ ایمبولینس مریضوں کو ہسپتال میں منتقل کرنے کے لئے احسن ذریعہ ہے۔ مریض گھر میں ہو یا جائے حادثہ میں یا زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں مدد کے لئے ایمبولینس استعمال کی جاتی ہے۔ اس سے اموات میں خاصی کمی ہوئی ہے۔

یورپ میں ایمبولینس کا معیار انتہائی نگہداشت یونٹ (ICU) کا سا ہوتا ہے اور تربیت یافتہ ڈاکٹر، نرسیں اور میڈیکل سٹاف ایسی ایمبولینس میں موجود ہوتا ہے۔ یہ جدید میڈیکل آلات سے لیس ہوتی ہے۔ انٹرنیٹ کے ذریعہ اور ٹیلی فون کے ذریعہ کنسلٹنٹ (Consultant) سے ہدایات کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اس میں ہر قسم کے سرجیکل یا میڈیکل ایمرجنسی مریضوں کو طبی امداد پہنچانے کا انتظام ہوتا ہے۔ ہر مریض کو بروقت طبی امداد (Life Saving) راستہ میں ہی مل جاتی ہے جس سے مریض پیچیدگیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ اب تو ترقی یافتہ ممالک میں Air Ambulances ہوائی جہازوں اور ہیلی کاپٹرز کو ایمرجنسی کی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے اور ان کی سمندروں اور مشکل پہاڑی آبادیوں اور دور دراز علاقوں تک رسائی ہے اور جنگ کے میدانوں میں زخمیوں کو ہسپتال پہنچانے میں بھی یہ مدد دیتی ہے اور بڑے ہسپتالوں اور عمارتوں پر ہیلی کاپٹر کے لئے ہیلی پیڈ بنائے گئے ہیں۔ جہاں سے مریضوں کی منتقلی میں آسانی ہوتی ہے۔ مریضوں کو ایک ہسپتال سے دوسرے ہسپتال میں منتقلی بھی اس کے ذریعہ آسان اور وقت پر ہوتی ہے۔

